यहाँ से काटिए

**Sl.No.:**

नामांक **Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 29

No. of Printed Pages - 7

# S-72-Urdu(T.L)

**SECONDARY EXAMINATION - 2020**

**URDU**

# (Third Language)

Time :3¼ Hours

Maximum Marks : 80

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें

**TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER**

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہوں، ان حصوں کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

**Tear Here**

(الف) مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے :۔

آج کل کے عالم کہتے ہیں کہ ہماری دنیا پہلے آگ کا ایک گولا تھی، اُس آگ کا نہیں جو ہمارے گھروں میں جلتی ہے۔ یہ ایک اور ہی آگ تھی جو بن جلائے جلی اور بن بجھائے بُجھ گئی۔ شاید یہ وہ چیز تھی جسے ہم بجلی کہتے ہیں۔ لیکن کبھی نہ کبھی دنیا آگ کا گولا تھی ضرور، کیوں کہ ہمیں ایسے ہی لاکھوں، کروڑوں آگ کے گولے آسمان میں چکّر کھاتے دکھائی دیتے ہیں اور ہماری زمین پر اب بھی آتش فشاں پہاڑ جب چاہتے ہیں دہکتی آگ اُگل دیتے ہیں یا زمین کے اندر سے کھولتے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں۔ دوسرے آگ کے گولے جو دنیا سے بہت بڑے اور بہت زیادہ پُرانے ہیں، اب تک آگ ہی آگ ہیں۔

دنیا میں یہ آگ، پانی اور زمین کیوں بن گئی یہ ہمیں نہیں معلوم۔

1. اس اقتباس کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔ [4]

2. آج کل کے عالم دنیا کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟ [1]

3. آتش فشاں پہاڑ کیا کرتے ہیں؟ [1]

4. دوسرے آگ کے گولے جو دنیا سے بہت بڑے ہیں، اب تک ان گولوں پر کیا ہے؟ [1]

5. لفظ ''چشمے'' کے معنی لکھیے۔ [1]

(ب) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک یا دو جملوں میں لکھیے :۔

6. امتحان میں کون سی دو صورتیں ہوتی ہیں؟ [1]

7. ابوّ خاں کہاں کے رہنے والے تھے؟ [1]

8. سبق ''ایک تندرستی ہزار نعمت'' میں تندرستی سے متعلق کس شاعر کا شعر شامل ہے؟ [1]

9. مادرِ وطن کو کس سے تشبیہ دی جاتی ہے؟ [1]

10. نظم ''محنت کرو'' سے شاعر نے خصوصاً کسے پیغام دیا ہے؟ [1]

11. ''کمزور کی مدد'' نظم میں شاعر نے سڑک پر پھرتا ہوا کسے کہا ہے؟ [1]

(ج) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو سے تین جملوں میں لکھیے :۔

12. وقت کو کس طرح استعمال کرنا چاہیے؟ [2]

13. شخصی ترقی کی بنیاد کیا ہے؟ [2]

14. ڈاکٹر ذاکر حسین کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ [2]

15. واجد علی شاہ اختؔر نے حضرت محل کو ''افتخار النّساء خانم'' کا خطاب کیوں دیا تھا؟ [2]

16. عبدالحمید نے غریب نوازؒ کے آستانے کی طرف مُنھ کر کے کیا فریاد کی تھی؟ [2]

17. ''کامیابی و ناکامی خدا کے ہاتھ ہے'' یہ بات کس نے کس سے کہی؟ [2]

18. نظم ''ہمارا راجستھان'' میں شاعر نے راجستھان کے جن بہادروں کا ذکر کیا ہے، ان میں سے کِن ہی دو کے نام لکھیے۔ [2]

(د) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات چار سے چھ سطروں میں لکھیے :۔

**19.** محاورہ ''آب آب ہونا'' اور کہاوت ''آم کے آم گٹھلیوں کے دام'' کے مطلب لکھیے اور اُن کو اپنے جملوں میں استعمال بھی کیجیے۔ **[4]**

**20.** مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف میں سے کِن ہی دو کی علامتیں بتاتے ہوئے تعریف بھی لکھیے :۔ **[4]**

(i) سکتہ (Comma)

(ii) وقفہ (Semi Colon)

(iii) خط (Dash)

(iv) سوالیہ (Sign Of Interrogation)

**21.** مندرجہ ذیل میں سے کِن ہی دو کی تعریف لکھیے اور مثالیں بھی دیجیے:۔ **[4]**

(i) فعل (ii) فاعل (iii) مفعول

**22.** مندرجہ ذیل میں سے کِن ہی دو لفظوں کے دو۔ دو مترادف الفاظ لکھیے :۔ **[4]**

(i) زمین (ii) پانی (iii) پہاڑ

یا

مندرجہ ذیل میں سے کِن ہی چار لفظوں کے متضاد لفظ لکھیے :۔

(i) نیک (ii) دوست (iii) نثر (iv) صحیح

(v) جیت (vi) عزّت

23. مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کا مطلب لکھیے اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجیے:۔ [4]

ایک حکایت اس بادشاہ کی شیخ سعدیؒ نے لکھی ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ ادبی امور میں عدل کے قاعدوں کو ملحوظ رکھتا اور انصاف کی پابندی کرتا تھا۔ چنانچہ جب صید گاہ میں اسکو نمک کی ضرورت ہوئی تو قریب کے گاؤں میں غلام بھیجا مگر اس کو سخت تاکید کی کہ قیمت دے کر لانا، غلام نے کہا کہ۔۔۔۔ ''ذرا سے نمک دینے میں رعایا کو کیا مضرّت پہنچے گی۔'' بادشاہ نے کہا کہ ایک بری رسم پڑ جائے گی، جو بڑے بڑے ظلم دنیا میں ہو رہے ہیں وہ شروع میں ایسے ہی خفیف تھے۔

یا

میاں ایٹم بڑے خوش تھے کہ آخر انسان نے ہمیں پہچان ہی لیا۔ اب ہمارے عروج کا زمانہ آیا مگر یہ حضرت اتنے چھوٹے تھے کہ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنے پر بھی دکھائی نہ دیے۔ انسان نے جھنجھلا کر کہا ''میاں بھاڑ میں جاؤ ایسا بھی کیا کہ دکھائی نہیں دیتے، تم سے کون دوستی کرے۔'' اور میاں ایٹم کو پھر بھلا دیا گیا، تم پوچھو گے کہ آخر میاں ایٹم ایسے کتنے چھوٹے ہیں؟ تو بھئی میاں ایٹم واقعی بہت چھوٹے ہیں کہ سوئی کی نوک پر مزے سے لاکھوں ایٹم بیٹھ کر دعوت کھا سکتے ہیں۔

24. غزل یا مثنوی میں سے کسی ایک صنف کی تعریف لکھیے۔ [4]

**.25** مندرجہ ذیل اشعارِ غزل میں سے کن ہی دو کے مطلب لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے :۔ **[4]**

(i) صبر تھا ایک مونس ہجراں

سو وہ مدّت سے اب نہیں آتا

(ii) جبیں سجدہ کرتے ہی کرتے گئی

حقِ بندگی ہم ادا کر چلے

(iii) جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو؟

ایک تماشا ہوا، گلا نہ ہوا

(iv) گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی

درو دیوار سے ٹپکے ہے، بیاباں ہونا

**.26** مندرجہ ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے :۔ **[4]**

(i) کمزور کی مدد

(ii) تعلیمِ نسواں

(iii) ہمارا راجستھان

(ہ) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیے :۔

27. مندرجہ ذیل شاعروں میں سے کسی ایک کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے :۔ [4]

(i) داغؔ دہلوی

(ii) مولانا محمد حسین آزادؔ

(iii) میر تقی میرؔ

28. آپ کو بخار آنے کی وجہ سے اپنے اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کو تین دن کی چھٹّی کی درخواست لکھیے۔ [8]

یا

اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھیے جس میں تعلیمی سفر (ٹور) پر جانے کی اجازت اور ایک ہزار روپیے طلب کیے گیے ہوں۔

29. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون لکھیے :۔ [8]

(i) عید کا دن

(ii) میرا پسندیدہ استاد

(iii) کمپیوٹر کی اہمیت

⇨ ⇨ ⇨ ⇨

DO NOT WRITE ANYTHING HERE